# Press Release

**June 22, 2017**

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے حقیقی ملکیت (بینفشل اونرشپ) کی رپورٹنگ کے لئے فارمز مشتہر کر دئے

اسلام آباد، ۲۲ جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے دفعہ ۴۵۲ کے تحت مطلوب حقیقی ملکیت کی معلومات کمیشن کو فراہم کرنے کے لئے فارمز مشتہر کر دئے ہیں۔

اس حوالے سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کا ضمیمہ نمبر ایک اس فارم کی صراحت کرتا ہے جس پر حصص دار یا کمپنی کا افسر جو پاکستان کا شہری بشمول دوہری شہریت کا حامل ہو، غیر ملکی کمپنی یا باڈی کارپوریٹ میں اپنی حصص داری یا دیگر مفاد کا، ایسی حیثیت یا مفاد کا حامل ہونے کے تیس دن کے اندر اندر کمپنی کے پاس اظہار کرے گا۔

ضمیمہ دو کمپنی کی جانب سے سال کے دوران اس ایکٹ کے آغازِ نفاذ سے ساٹھ دِن کے اندر اندر اور بعد ازاں اپنے سالانہ گوشواروں کے ساتھ جیسا کہ ایکٹ کے تحت مطلوب ہے درج بالا موصول شدہ معلومات کمپنی رجسٹرار کو رپورٹ کرنے کے فارم کی صراحت کرتا ہے۔

نئے قانون میں نمایاں حصص دار کی تعریف ایسے شخص کے طور پر کی گئی ہے جو کسی کمپنی میں کم از کم دس فیصد حصص داری یا ووٹنگ کے اختیار کا حامل ہو۔ افسر میں کوئی بھی ڈائریکٹر، چیف ایگزیکٹو، چیف فنانشل افسر، کمپنی سیکرٹری یا کمپنی کا کوئی دیگر مجاز افسر شامل ہے۔

درج بالا معلومات ایس ای سی پی کے لئے عالمی رجسٹر برائے بینفشل اونر شپ (حقیقی ملکیت) تیار اور برقرار رکھنے میں معاون ہو گی۔ اس کا بنیادی مقصد نمایاں حصص داروں اور کمپنی کے افسران کی حقیقی ملکیت کی معلومات کے حوالے سے زیادہ شفافیت کو یقینی بنانا ہے۔